محبوب ذو الجلال کی داغ سی عشق کی
کیا ہو گیا ہی لالہ روش داغدار دل

شمع جمال مصطفی کا سنا جو ذکر
پروانہ وار ہوتا ہی بس بیقرار دل

جس دل مین عشق احمد مختار کا نہو
تاریک ہی وہ مردہ ہی اوس زنگبار دل

ورد مدام کیجیی نام رسول پاک
خورشید وار ہو گا مرا نور دار دل

جلوہ جمال حق کا ہو پر تو فگن یقین
نام نبی کو ورد کری چند بار دل

نام نبی کی ورد کی دولت سی وافتا
کیا صاف اپنا ہو گیا آئینہ وار دل

نام احمد سی ہوئی کیا ہمین دولت حاصل
جانکو روشنی اور دلکو ہی قوت حاصل

کلمہ گو یونکو ہی کیا عزت و حرمت حاصل
منکر کلمی کو دارین مین ذلت حاصل

اہل نیت چاہتی ہو آتش دوزخ سی اگر
ورد کلمی سی کرو قوت و قدرت حاصل

طرفۃ العین مین دو ٹکڑی کیا جرم اپنا
کی جو ہین ماہ نی اونکلی کی اشارت حاصل

نار دوزخ سی امان پائی کی حضرت نے کہا
کلمہ گو یونکو ہی کیا خوب بشارت حاصل

سیدہی اب راہ ہی تکین قیامت تک ہم
کیونکہ حضرت کی ہوی ہمکو ہدایت حاصل

سرمہ چشم محمد کا جب آتا ہی خیال
آنکھہ کو ہوتی ہی کیا اپنی بصارت حاصل

جو کوئی بغض رکھی ایسی پیکدنی سی بہر
ہو وی دوزخ مین ابد سی انکی حرقت حاصل

منکر یار نبی منکر پیغمبر ہے
ایسی منکو بہ پہر کیون ہو نجابت حاصل

انکی نام مبارک کی تیمن سی دلا
کیا ہی دلیونکو ہوئی کشف و کرامت حاصل

حب آل نبوی کیجئی واقی بیدل
شافع حشر کی ہو دیگی شفاعت حاصل

ردیف حرف میم

السلام ای زقدوم تو مدار عالم
زینت و آرائش و ہم نقش و نگار عالم

السلام ای بظہور تو قرار عالم
رونق روضۂ رضوان بہار عالم

السلام ایکه ز فیض عرق جسم لطیف — غیرت مشک ختن گشت غبار عالم

جلوه آرا شده تاریخ و زلف سیه ات — جلوه دگر گشته نه روز و شب تار عالم

روضات چون مطاف همه عالم گردد — هست درگاه تو امید بر آر عالم

مهر روی تو درخشید چو از شرق ازل — و بیا آفاق همه روی بهار عالم

از جدائی تو ای سر خوبان جهان — رفت یکدست همه صبر و قرار عالم

گرد تو دایره سان چون ملک حلقه زنند — ز آنکه شد ذات شریف تو مدار عالم

سر ز فتراک خط حکم تو بیرون چه کشد — کردی از سهم شفاعت تو شکار عالم

ذات والای تو شد قبله حاجات مدام — زین سبب شد بد پاک تو بار عالم

ز انتظام شه شاهان جهان ای واقفی
رونق تازه گرفته همه کار عالم

السلام ای ز ظهور تو قیام عالم — انتظام از تو گرفته همه کام عالم

السلام ای ز وجود تو قیام عالم — استوار از تو طنابات خیام عالم

السلام ای شکن زلف تو دام عالم — جبین سیمای تو موج یم کام عالم

السلام ای قدمت باعث ایجاد جهان — ماند بر جای خود از نام تو نام عالم

ایکه بر تخت مراحم تو نشستی دائم — پاک از خاک کن ای جان مرام عالم

آفتاب رخ پر نور تو چون جلوه نمود
پرتو یافته زان رو رخ شام عالم

مهر وا بروی ترا قوس قزح میخوانم
سوی مژگان تو پیکان سهام عالم

لعل نوشین تو ای ساقی حوض کوثر
ریخته بادهٔ مقصود بجام عالم

ذات پاک تو شها مجمع فیض و رحمت
بهره اندوز چو خاصان همه عام عالم

سایهٔ فضل محمد بسر که فتاد
گشت مخدوم جهان نیز غلام عالم

آفتاب رخ پر نور تو چون کرد طلوع
رو سوی شام عدم کرد ظلام عالم

ای گل گلشن تقدیس معطر گردید
از شمیم سر زلف تو مشام عالم

طائر خاطر واقفی نشود بند چرا
خال تو دانه شد و زلف تو دام عالم

انکی آنکھونکو کہتی ہین بعینہ صاد ہم
ہی الف الله کا قد کرتی ہین یاد ہم

جو قِ امت مین رسول مجتبی کی آگئی
آج کل سی کیا کہ ہین قدوسی مادر زاد ہم

ہی کہان بیم قیامت کب ہی فکر جو
کلمہ طیب کی دولت سی ہین دل شاد ہم

یا رسول الله پہنچو بیکسونکی داد کو
نفس سرکش کی ستم سی کرتی ہین فریاد ہم

روز محشر مین ہمین نہ بہولو ابلوائی
تا بخیر رکی کب ہین کہتی ای کرم ایجاد ہم

آتش دوزخ سی ہمکو رستگاری ہو نصیب
بہیجتی ہین آپ پر صلوات بی تعداد ہم

شکر خالق کا گلستان جہان مین بالیقین
صید اوصاف محمدؐ کی ہوئی صیاد ہم

اشتمال امت احمدؐ کی شادی کی سبب
دلکو اپنی دیتی ہین ہر دم مبارکباد ہم

گور مین سائل اگر کچھہ ہونگی آ منکر نکیر
یہہ قصیدہ پڑہ سناونگی انہین دکھلا کی ہم

مدح خوانان نبی کی حشر مین ہوگی طلب
اس قصیدہ کی جناب حق سی مانگین داد ہم

وافنا لا تقنطوا من رحمت اللہ کی سوا
عاقبت کا کچھہ نہین رکھتی ہین ہمرہ زاد ہم

وصف قد مصطفی لکھتی ہین صبح و شام ہم
پائینگی فردوس مین طوبی سی عالی بام ہم

ہی تصور خال رخ نبی کا کیون نہ ہو
گور مین روشن کرینگی قندیل خام ہم

کیون نہ مرغان جنان قرطاس ہون ہمنشین
وصف زلف و رخ کا چھپوائین اگر گلدام ہم

دہیان آیا ہی قد موزون کی اب توصیف کا
شاخ طوبی سی بنا کر لائینگی اقلام ہم

دار وہی اوصاف شاہنشاہ انس و جان سی
کہوتی ہین اب اس دل بیمار کا سرسام ہم

رفع خشکی دماغ جان و دل کی واسطی
وصف چشم احمدؐ کی کا رکہتی ہین بادام ہم

چشم عاشق کو کہان ہی امتیاز صبح و شام
کہتی ہین زلف و رخ احمدؐ کو صبح و شام ہم

کیون نہ آئین طائر مضمون عالی کی پری
وصف گیسوی نبیؐ کا جب بچھائین دام ہم

رحمت عالم کا ہم پر سو طرح سی رحم ہو
لکھتی ہین اوصاف احمد کو بصد اقسام ہم

یاد آجا ہی وضوی مصطفی کی جب ادا ‫—‬ دوڑ ین جون اب روان ہو مضطرو ناکام ہم

ایکی رفتار کا آتا ہی وافی جب خیال
ہین بھٹکتی کہو کی جون کبک دری ارام ہم

السلام ای گوہر کان نبوت السلام ‫—‬ السلام ای نیر برج رسالت السلام
السلام ای مطلع صبح کرامت السلام ‫—‬ السلام ای مجمع افضال و رحمت السلام
السلام ای رہنمای انبیای ذوالکرام ‫—‬ السلام ای جادہ پیمای شفاعت السلام
السلام ای خسرو اقلیم اجلال و کرم ‫—‬ السلام ای شہریار ملک رافت السلام
السلام ای شمع بزم جان پاکان خدا ‫—‬ السلام ای نور پیشانی دولت السلام
السلام ای عندلیب باغ قرب ذوالمنن ‫—‬ السلام ای رونق گلزار وحدت السلام
السلام ای درۃ التاج سر کل انبیا ‫—‬ السلام ای حامی روز قیامت السلام
السلام النسان عین دم جن و ملک ‫—‬ السلام ای نور چشمان بصیرت السلام
السلام ای قاتل اعدای اسلام متین ‫—‬ السلام ای ماحی خط بطالت السلام
السلام ای واقف اسرار جمیع کائنات ‫—‬ السلام ای عالم علم حقیقت السلام
از رخ تو معنی و النور گشتہ آشکار ‫—‬ وی جبینت لامع نور جلالت السلام
آفتاب مطلع عطاف و جود و فیض و لطف ‫—‬ ماہ برج فضل و ابذال و سخاوت السلام

ایکه انوار معانی از رخ تو آشکار | حسن روز افروز تو شمع هدایت علیه السلام

اهلبیت سرور کونین و اصحاب کبار | منبع صدق و سخا و هم طهارت علیه السلام

وافیا برخوان بروح پاک محبوب خدا

لحظه لحظه دمبدم ساعت بساعت السلام

خار غم عشقت بگلستان نفروشم | داغت بگل لاله بستان نفروشم

شوری ز دل در رسیده که برآمد | با ناله مرغان خوش الحان نفروشم

سنگی که شکسته است درد تو سرم را | با قیمت صد لعل بدخشان نفروشم

صد جان و هم ایمان هم دامنت اند | این دولت نایاب بستان نفروشم

اشکی که چکد در غم هجران تو از چشم | با گوهر صد سنگ بعمان نفروشم

آن ذره که از پرتو خورشید رخت تافت | با چشمه خورشید درخشان نفروشم

کاهی که رسد از سر کوی تو بدستم | با طرهٔ صد سنبل و ریحان نفروشم

آن دانهٔ خال سیه عارض خوبت | با دانه عین دل پاکان نفروشم

بوی سر زلفت شه خوبان دو عالم | با نافهٔ مشک ختن ارزان نفروشم

یک قطرهٔ خوی بدن پاک و لطیفت | با قیمت عطر و گل و ریحان نفروشم

آن تیر نگاهت که دلم کرده دو پاره | با غمزهٔ خوبان صفاهان نفروشم

از جبہ و دستار شریف تو سہ تار | با خلعت و تاج سر شاہان نفر و ستم

صبح ورق عارض رشک گل خورشید
وافی عوض روضۂ رضوان نفر دستم

ہی آج مقدم محبوب کبریا کی دہوم | طلوع نیر اجلال اور عطا کی دہوم
کہڑی ہین صف بصف آراستہ ملایک آج | سن اقب لادت سالار انبیا کی دہوم
پری پری اوتر آئی ملا اعلی سی | سنی جو آمد سردار رہنما کی دہوم
ہر ایک برگ شجر آج نور افشان ہی | ہی چار سو ہی جہانمین تجلی ضیا کی دہوم
پڑا ہی زلزلہ بنیاد قصر کسری مین | سنی جو معجزہ شاہ دوسرا کی دہوم
جہانمین بجتی ہین کیا شادیانی خیر الامم | ہی تہنیت کی ہر یک سمت مین لوا کی دہوم

تولد شہ انس و جان ہی وافی
مچی ہی فرش سی تا عرش مرحبا کی دہوم

عاشق روی محمد ہون گلستان کی قسم | واله زلف ہون سنبل پیچان کی قسم
یاد مین اس لب دندان کی سوا جاتا ہون | در غلطان کی قسم لعل بدخشان کی قسم
ٹکڑی ٹکڑی ہی جگر خندہ جہد سی مرا | برق خندان کی قسم چاک گریبان کی قسم
قامت پاک کو کرتی ہی قیامت تسلیم | سرو بستان کی قسم قامت خوبان کی قسم

عارض شاہد لولاک سے روشن ہے جہان
باغ رضوان کی قسم صفحۂ قرآن کی قسم

شوق دندان مبارک میں ہے کہل کہل کی
اشک شبنم کی قسم ژالہ باران کی قسم

سبزۂ خط کا تصور مجھے رہتا ہے مدام
سبزۂ ریحان کی قسم جدول قرآن کی قسم

پیچ دستار کی یاد آتی ہے کھاتا ہوں پیچ
زلف پیچان کی قسم سنبل بستان کی قسم

کس کا مقدور ہے سوا آپکی شق چاند کرے
چرخ گردان کی قسم نجم درخشان کی قسم

ہے مری دل میں خلش انکی مژگان کا مدام
تیغ بران کی قسم خنجر و پیکان کی قسم

میری دل سے نہیں جاتا ہے خیال رخ و زلف
مشک اذفر کی قسم شمع شبستان کی قسم

انکی ابروے پر خم ہوئی محراب حرم
قاب قوسین کی قسم نون مسلمان کی قسم

کر دیا نور سے روشن دل واقف تم نے
ماہ تابان کی قسم مہر درخشان کی قسم

رہبر دو جہان ہے نبی انام
سرور مرسلان محمد نام

پڑھیے اخلاص دل سے حضرت پر
تا قیام جہان درود و سلام

بے نظیر اور بے مثال حسن
بے عدیل بشر بجملہ انام

چشم رحمت سے دیکھیو بلطف
مبتلا ہوں برنج اور آلام

ذات پاک آپکی ہے بحر کرم
میں ہون اس بادیہ میں تشنہ کام

آسمان نے کیا ہے مجکو تنگ ق | رحمت العالمین شفیع انام
رحم و الطاف کی نظر کیجے | ایک ادنی مین آپکا ہون غلام
چرخ ظالم کی سخت پیچ ہے | تا رہائی ہو مجھکو صبح و شام
ذات پاک آپکی ہے فخر لشہ | ہے وسیلہ بڑا بخاص و عام
رحمت العالمین کا دے جو خطاب | حق تو کیون ہو نہ تم شہ اسلام
آپ مخدوم دو جہان ہین بیقین | ہر دو عالم ہین آپکی خدام

لطف اور رحم سے کیجے شاہا
وافی خستہ بنوا یہ مدام

ردیف حرف نون

یاالہی مین نہ روز حشر شدت مین ہون | گرمی خورشید کی ہرگز نہ حدت مین ہون
غیر کا محتاج مت کر یا الہ العالمین | زیست تک ہون تیری احسان سے منت مین ہون
ماسوی اللہ کی نکر پابند الفت مجھکو بھی | جون خلیل اللہ ال سے تیری خلت مین ہون
روز محشر پیش اونکی مرے اصراط | فضل احمد سے بسان نا دسعت مین ہون
یا الہی ہے تمنا یہ دلی میری یہی | اہل بیت مصطفی کی مین محبت مین ہون
یا الہی ن قیامت کی بہر سا ہے مجھکو | مصطفی کی دامن لطف و شفقت مین ہون

واقفی عاصی کی تیری ہی یہی التجا
روز محشر پیش یکتان تا نہ خجلت مین ہون

غسل کوثر سی دلائینگی رسول الثقلین
لیکی فردوس مین جائینگی رسول الثقلین

لیکی جاوینگی جو دوزخ مین گنہ ہونگی سبب
دست مالک سی چھڑائینگی رسول الثقلین

حشر مین تپش خورشید سی ہونگی مضطر
ظل دامن مین چھپائینگی رسول الثقلین

آفت درد و محن رنج و غم عداوت سی
اپنی امت کو بچائینگی رسول الثقلین

نامہ امت عاصی کی سیاہی مطلق
آب رحمت سی دہولائینگی رسول الثقلین

جبکہ دریای غضب کا ہی جوش و خروش
میری کشتی کو ترائینگی رسول الثقلین

تا نہ جائینگی طرف خلد کی امت اپنی
آپ جنت مین نجائینگی رسول الثقلین

پیاس کی سوز سی نکلین گی زبانین باہر
آب کوثر کو پلائینگی رسول الثقلین

اسرا دیگانہ جب یار و برادر کوئی
پاس تب اپنی بلائینگی رسول الثقلین

امت عاصی کو دیدار خداوند جلیل
روز محشر مین دکھائینگی رسول الثقلین

جب گذر ہونی لگی پل پہ ہمارا واقفی
جون ہوا لی ہمین جائینگی رسول الثقلین

واقفی کی عرض یہ ہی نبی کی جناب مین
یوم النشور لیجئی ہمرہ رکاب مین

مصروف حمد و نعت مین یون ہی تہا مدام — مچہلی ہو جیسی تیرتی کوثر کی آب مین

وہ ہو گیا ہی روضہ جنت کا مستحق — دیکہا ہی جسنی روی محمد کو خواب مین

فرقت مین آہ جسنی رسول کریم کی — پایا مزہ ہی سیری کا عہد شباب مین

چمکا ہی نور سرور عالم جہان مین — خورشید چہپ گیا ہی نقاب سحاب مین

ہوتا نہ چتر ابر کا فرق رسول پر — پانی بہر آتا دیدۂ خشک آفتاب مین

عتبہ کی زوجہ ام عاصم کا ہی بیان — لکہا ہی ابن بر نی یون استیعاب مین

کہتی تہی اوسنی عتبہ فرقد کی بیبیان — ہم تین تہین بحال بہار شباب مین

خوشبوی خوب خوب لگاتی تہین مدام — اور عطر بیز رہتی تہین جیون بو گلاب مین

خوشبوی جسم عتبہ کو تہا ہم پہ سب غلو — تہا دل ہمارا اس سی نہایت عجاب مین

باعث جو اسکا پوچہا تو عتبہ سی ایکدن — بولا وہ نیک بخت ہماری جواب مین

بیمار ایکبار قضارا ہوا سو مین — حاضر ہوا رسول خدا کی جناب مین

تہلا کی سامہنی جو اوتار لیا لباس — آلودہ کر ہتہیلی کو منہ کی لعاب مین

پہیرا جو میری پشت و شکم پر جناب نی — آلودہ ہو گیا مین ہمہ مشک ناب مین

عتبہ کی زیست تک رہی خوشبوی عطر سنج — کیا فیض ہی دہان نبی کی لعاب مین

خوشبو تہی ایسی جسم مین عتبہ کی مشکبو — پائی نہین کسی نی ہی عطر و گلاب مین

جسم کثیف جب ہو معطر گلاب سی
ای دل لحاظ کر یون ہی روز حساب مین

بو سی گل شفاعت احمد کی جب جا بسی
کب گندگی جرم سی ہم ہون عذاب مین

عتبہ کی شکل وافی سی زائل ہو گندگی
ہی عرض یہہ جناب رسالت ماب مین

اس مرحلی مین گو کہ مین گم کردہ راہ ہون
لیکن خدا کی راہ مین وافی براہ ہون

ہر چند ہون غلام جناب رسول کا
شاہان بارگاہ جہان مین شاہ ہون

رسوای عام حشر مین مت کر مجھی خدا
بندہ نزار ضعیف ہون گر پر گناہ ہون

پیش سفید رو تو نکر روسیہ مجھی
ہون امت رسول پہ نامہ سیاہ ہون

آفات آسمان سی کیا خوف ہی مجھی
نام نبی کا رکھتا مین سر پر کلاہ ہون

اب شیطنت سی نفس کی اور ظلم دور سی
درگاہ کبریائی مین مین دادخواہ ہون

محبوب کبریا کی جدائی مین وافیا
شوریدہ سر ہون خستہ بحال تباہ ہون

او سی خدا کا رحم و کرم اور عطا نہین
جسکا شفیع حشر کی دن مصطفا نہین

راہی نبی سی راہی خدا کو ہی اتفاق
راہی خدا سی راہی محمد جدا نہین

عین الیقین کی روشنی حقیقت مین فرق ہی ایک
لیکن جناب سرور عالم خدا نہین

رشتہ سی مشکلات ملک کی نہین کہلا / تا ناخن نبی نی کیا عقدہ وا نہین

وین خدا کا دصر بجہا ہین بنی دلا / روشن ہوا ہی ذات محمد ہوا نہین

جبسا کہ آستان نبی ہی مکان فیض / ملجا ہی عاصیان کہین اوسکی سوا نہین

جز پیروی جادۂ محبوب کبریا / نام خدا ملی کہو راہ اصفا نہین

ای موقفان عرصۂ محشر تمہین نہین / غیر لوای مصطفوی اسرا نہین

حمد خدا و نعت محمد بیان ہو کیون
وافی اس ابتدا کا کہین انتہا نہین

عشق تیغ ابروی احمد نی مارا اندنون / مینی اپنی جانکو اسیر سی وارا اندنون

جسکا عارض حقیقی جو بن صبح لمعی تارا اندنون / اوسکی مینی خال پر مردم کو وارا اندنون

عارض نازک کی جو توصیف ہی مینی سینی / سیر گلشن سی کیا دل نی کنارا اندنون

زاہد تمکو مبارک سیر گلزار بہشت / کوی احمد ہو کیا اسکن ہمارا اندنون

وصف خال عارض پر نور کو لکہتا ہون / حیدرہ کیا ہی اوج پر اپنا ستارا اندنون

باغ جنت کیطرف دیکہون نہ کور ہی انکہہ سی تو / کوی احمد مین ہوا میرا گذارا اندنون

اوس لب شیرین کی شیرینی کی تعریف ہو جو / ہو گیا تنگ شکر میٹہی سی کہارا اندنون

روشنی قبۂ ایوان حضرت دیکہکر / گر پڑا ہی خاک پر ہر ایک تارا اندنون

عشق مین محبوب رب العالمین کی وفا
دل مرا لگتا نہین ہی مجھکو پیارا اپنے پانون

کیون ہم نہ چومین حضرت صل علی کی پانون
چومی ہی ساق عرش نی بعد اللہ جہان سر کی پانون

ہی روضۂ نبی کی تصدق کی آرزو
ٹھہرا خدا مدینی مین اس بینوا کی پانون

اللہ ری ملاحت حسن محمدی
یوسف بھی چوم لیتی ہین الحمد آکر پانون

گل رخ ہی نرگس آنکھ ہی گلشن تمام جسم
صندل کی شاخ ہاتھ ہین اور سرو بستان کی پانون

تا عقدہ ہای مطلب و مقصد مری کہلین
تلبا خدا مجھی مشکلکشا کی پانون

مرجاونگا جو شوق مدینی مین ناگہان
باہر کفن کی نکلین گی مجھ باوفا کی پانون

ہوگا وہ کون روز مبارک مری خدا
وافی کا سر ہو شافع روز جزا کی پانون

ردیف حرف واو

نہ لیجا سکی مالک سعی نار مجھکو
شفاعت نبی کی ہی درکار مجھکو

مین دنیا کی باتون سی غمگین بہت تہا
محمد کی خوش آ گئی گفتار مجھکو

حدیث محمد ہین آویزۂ گوش
نہین چاہیی درّ شہوار مجھکو

برای نجات عذاب جہنم
ہی بس نام احمد کی تکرار مجھکو

رسول خدا کا پڑہونگا جو کلمہ
جلا دیگی دوزخ کی کب نار مجھکو

گل عارض مصطفی کا ہون عاشق
خوش آوی کہان سیر گلزار مجھکو

مجھی چین اس ملک مین کب ہی حاصل
چبہا دشت یثرب کا ہی خار مجھکو

ہدایت نبی ختم الرسل کی کیا ہی
بد و نیک سی کیا خبردار مجھکو

سپر نام حق کی ہی اب پاس میری
ڈراتی ہی دوزخ کی کیا نار مجھکو

جدائی مین محبوب حق کی ای وافی
نظر آئی محشر کی آثار مجھکو

یارب امان دی وافی بی نوا تو انکو
دوزخ کی دور سی ہی ندیکھی نشانکو

الله مجھکو گردش دوار سی بچا
آیا نہ رحم مجھپہ ذرا آسمان کو

کیا مرغ دلکو عشق رخ مصطفی سی ہی
بہولا ہی دل سی خلد کی اب آشیانکو

افسانہ گوئی زلف سیاہ سی عبث ہی حق
کرنا ضرور طول ہی اس داستانکو

قابل نہ نذر کی کوئی شی آئی نظر مین
لیکن نثار کر رہا ہون مین جان کو

نازل ہی جنکی شان مین تطہیر موشو
کوئی کہان بیان کری اونکی شان کو

دریای فضل ایزدی کیا جوش پر ہی آج
مژدہ یہہ اب سنائی وافی جہانکو

تا دم نبیؐ کی رخ نی کیا آفتاب کو ‏ ماہی سا بیقرار کیا ماہتاب کو

اعجاز مصطفیؐ کا عجب زور و تاب ہی ‏ دو ٹکڑی ہی فلک پہ کیا ماہتاب کو

رخسار مصطفیؐ کا نہین بیان لکھنی سی دور ‏ پڑہتا ہون مین مدام خدا کی کتاب کو

دوری سی جام چشم و می لب سی نبیؐ کی آنکھ ‏ کہتا ہون توڑ توڑ جگر کی کباب کو

امت کو آپکی نہین جنت کی روک ٹوک ‏ ہوتا ہی معترض نہ کوئی بوّابکو

حضرتؐ کی استراحت و آرام کا خیال ‏ دیتا ہی جون ہی تنگ اور اسیر حجابکو

کس منہ سی مین مراتب عالی بیان کرون ‏ عرش برین فخر جو ماہی پای جنابکو

بی منع و بی مزاحمت غیر کیجیی سیر ‏ وا کر دیا ہی اپنی جنت کی بابکو

آب حیات مین برکت وہ کہان ہی آب ‏ حاصل جو کچہ نبیؐ کی ہی منہ کی لعابکو

روشن نبی کی حسن سی ہوا کیا عرش و فرش ‏ روح الامین اوٹہاتا ہی جب انکی نقابکو

پہر ہی کہان فلک پہ میسر ہلال کو ‏ جو کچہ شرف ہی آپکی حاصل رکابکو

ہر چند آفتاب کو حاصل ہی روشنی ‏ پہنچی نبیؐ کی رخ کی کہان آفتابکو

طوفان نوح سی نہین غم مجھکو و فنا
کشتی بنا رکہا ہون مین نام جناب کو

ولہ

نہین ای مومنو ہرگز غم فردا مجھکو
کیونکہ ہی شافع محشر کا وسیلا مجھکو

خوف کچھ بھی نہین تیزی خورشید قیامت سی نہین
دامن سید عالم کا ہی سایا مجھکو

ربنا احشرنا مناک تقبل منا
دن قیامت کی اوٹھانا مع صلحا مجھکو

ناخدا ہی مری کشتی کا خدا کا محبوب
ڈر نبی کا نہین اندیشہ ہی اصلا مجھکو

آپ تشریف لیجائین سوی دار السلام
ای شہنشاہ یہان چھوڑ کی تنہا مجھکو

سنبلستان کی نہین سیر مجھی کچھ بھاتی ہی
جیسی گیسوی نبی کا ہوا سودا مجھکو

صورت سید عالم تو نظر آئی نہین
کیون دی حق نی یہہ دو دیدہ بینا مجھکو

گل رخسار رسول عربستان کا خیال
کیون نہ فردوس کا تب لاگی تماشا مجھکو

ہند سی سوی مدینہ ابھی اڑ جاؤن اگر
گر کہین ہاتھ لگی شہپر عنقا مجھکو

عشق محبوب خدا مین یہی وحشت ہی مجھی
روش باد صبا ایک نہین جا مجھکو

ہجر مین سرور عالم کی مجھی ایسی فراق
نظر آتا ہی محالات سی جینا مجھکو

گور تنگ و تاریک کی ہیبت مجھ دلگیر کو
ای خدا استلا نبی کی راہ سی تصویر کو

ای اسیران معاصی غم نہ کہاؤ زینہار
عشق زلف مصطفی قطع کری زنجیر کو

عاشقان صورت پر نور محبوب خدا
آفتاب چرخ کی دیکھین نہین تنویر کو

عشق مژگان محمد دی خداوندا مجھے
تو دہ دلمین رکھونگا اس مبارک تیر کو

عرش پہ بلوا کی باتین حق نی کین مصطفےٰ سی ہوا
انبیا مین کون پہنچا ایسی پہر تو قدر کو

مین ہوا امت مین جنکی ہی محب اہلِ ذوالمنن
بخشش دی مجکو نظر مت کر مری تقصیر کو

کو کہ ہون عاصی مگر پوجون تجھکو رات دن
ای خدا ستکر حوالی آگ کی اس پیر کو

چار یاران نبی سی ہی خلوص ان مجھی
دوست کہتا ہون مین شبیر و شبر کو

ہی عقیدت مجھکو اونسی جان و دل سی وفا
حق نی جنکی شان مین نازل کیا تطہیر کو

دن قیامت کی خدایا مصطفیٰ کا ساتھ ہو
فخر موجودات و ختم الانبیا کا ساتھ ہو

عدل کی میزان مین اعمال کو تولین جبہی
حامی روز جزا خیر الوریٰ کا ساتھ ہو

قبر مین اعمال کو پوچھین جو آ منکر نکیر
شافع امت رسول کبریا کا ساتھ ہو

جب اٹھین میری گور مین سی لاشہ کو مرے
شمع نور روی فخر انبیا کا ساتھ ہو

پیاس کی مارے تڑپنی کو لگی مخلوق جب
قاسم کوثر محمد مجتبیٰ کا ساتھ ہو

پلصراط اوپر گذر ہونی لگی جب ای کریم
رہنمای انبیا و اولیا کا ساتھ ہو

حضرت باری سی ہی واقف کی یہ ہر دم یہ دعا
روز محشر مین محمد مصطفا کا ساتھ ہو

روز بعث و نشر مقبول خدا ہمراہ ہو
سرور ہر دو جہان اصل علی ہمراہ ہو

پلہ میزان مین کہین مری اعمال کو
یا الٰہی حامی ہر دو سرا ہمراہ ہو

پرسش اعمال کو جس وقت لیجانی مجہی
دستگیر بیکسان خیر الوریٰ ہمراہ ہو

چار یار و پنجتن کی ہین سبہی اولی و المومنین
حشر کی سید نہین میری مصطفیٰ ہمراہ ہو

عاصی واقف سوی گور شبستان جب چلی
شمع رخسار محمد ای خدا ہمراہ ہو

ردیف ہای ہوز

دن حشر کی رہو نہین خدا انبیا کی ساتہہ
یعنی شفیع ہر دو سرا مصطفیٰ کی ساتہہ

منکر نکیر کو مین لیلون سبہی دون جواب
میرا ہی اعتقاد کتاب خدا کی ساتہہ

زہر الم کی بحر مین کیا غرق ہو گیا
دن حشر کی رہون حسن مجتبیٰ کی ساتہہ

تیغ غم حسین سی مین قتیل ہو چکا
دن حشر کی اوٹہونگا شہ کربلا کی ساتہہ

مرقد سی میری کیون نہ گریزان ہو تیرگی
ہو نہین خیال صورت بدر الدجا کی ساتہہ

گر نور آفتاب سی کیا خوف نئی مجہی
دن حشر کی رہونگا نبی کی لوا کی ساتہہ

راہ صراط کا نہین واقف کو کچہہ بہی غم
احمد سی روز حشر ہی پیشوا کی ساتہہ

ہون ملتجی مین حق سی اوٹھا کی دعا کی ہاتھ
سر پر مری مدام رہین مصطفا کی ہاتھ

تا روضہ رسول مری خاک کو خدا
پہنچا دی بعد مرگ نسیم صبا کی ہاتھ

لکھوا دی دل پہ خط خط سبز آپ کا
کلک زمرد خضر رہنما کی ہاتھ

دنیا و آخرت مین نبی کی طفیل سی
مت کر تو مبتلا مجھی رنج و بلا کی ہاتھ

یارب بحق سورۂ تبت یدا کی اب
کر قطع تیغ فضل و کرم سی وبا کی ہاتھ

پہنچون لب نبی کی تصدق کیواسطے
یاقوت جان و لعل دل اپنا حنا کی ہاتھ

ہجر نبی مین کاہ سی کاہید ہو گیا
اوٹھتا نہین زمین سی تن کہربا کی ہاتھ

وارون عرق پہ جسم رسول خدا کی مین
عطر و گلاب و مشک اگر ہو مہیا کی ہاتھ

یارب لسباق عرش برین مرتبی نصیب
جیون کبھو مین پاؤن کبھو مصطفا کی ہاتھ

لکھ لکھ کی وصف عارض و کاکل کی تھک گئی
شمس و قمر کی و ضیا صبح و مسا کی ہاتھ

ہی مقدم شہ انسان و جانکا شہرہ
حبیب رب ذوالامتنانکا شہرہ

پڑا ہی کیا ہی تزلزل مین کنشت کسری
سنا ولادت شاہ جہانکا شہرہ

نہ کیونکہ درہم و برہم کری ہی فاتح کفر
قدوم قاسم روحانکا شہرہ

بتان کعبہ کو کیونکر کری نہ سر بسجود
جلال آمد فخر زمانکا شہرہ

کری ہی لوح جہان سی حرف باطل حذف
وہ ہادی رہ امن و امان کا تیشہ

بنی کی مقدم فرخ کی سنگ کی شہرت تھی
ملا ہی خاک مین نوشیروان کا شہرہ

اوٹھائی کیا ہی زمانی سی رسم بد وافی
ہی ماحی حکم شہ دو جہان کا تیشہ

رخشان کری ہی ماہ کو بدر الدجا کا منہہ
تابندہ آفتاب کو شمس الضحی کا منہہ

خورشید طلعت شہ گردون جناب سی
دیکھا ہی وہ صبح نی نور صفا کا منہہ

پڑھتا ہون نام پاک محمد جو بیشبہ
ہوتا ہی شاد بہر درود خدا کا منہہ

پائی نجات سوزش نار جحیم سی
دیکھا ہی جس سعید نی کہف الوری کا منہہ

مطلق نہ پاتی صبح و مسا جلوہ ظہور
گر دیکھتی نہ اوس رخ و زلف رسا کا منہہ

امید ہی خدا سی کہ ہو جاوی داغ تخ
دوزخ جو دیکھی امت خیر الوری کا منہہ

اللہ ری فروغ جمال محمدی
روشن کیا ہی ماہ سا فرو سہا کا منہہ

دیوانی کیون نہ آدم و حوا و جن و ملک
عاشق کری خدا کو ہی صل علی کا منہہ

دیدار مصطفی سی مشرف ہو جو کوئی
بی شبہ اوسنی دیکھا ہی وافی خدا کا منہہ

جون قیس ہو نہین بادیہ پیمائی کی ہوس
یارب مجھے بتا دی رخ لیلا سی مدینہ

واللیل سی زلفونکی تصور مین تری شه
وافی کو سدا رہتا ہی سودا ہی مدینہ

یا نبی رحمت العالمین
حشم دل کو کرو مری بینا

شکل انگشتری ہی رسالت
ذات پر نور تو شد نگینہ

مشک خلد برین رشک برہے
آپ کا کیا ہی خوشبو پسینہ

ہیش مصر جمال تو شاہا
ہست یوسف غلام کمینہ

نقد دل می کنم بر تو قربان
غیر ازین می ندارم خزینہ

ہی عدو الہی و دبشیک
جو رکھی آپ سی دل مین کینہ

التجا آپ سی ہی یہہ ہر دم
نور ایمان سی روشن ہو سینہ

بحر عصیان کی آیا ہون مین
ڈوبنی دو نہ میرا سفینہ

رو ہی رشک قمر انبیا تلاقوا
تلخ ہی تم سوا میرا جینا

مبتلا یم برنج وعلتہا
کھینچی رحم شاہ مدینہ

خاتمہ خیر وافی کا ہووے
جان برآید بروز آدینہ

ردلیف یای تحتانی

جہانمین ہر کسیکو اپنی طاعت وسیلہ ہی
یہ مجکو رحمت عالم کی رحمت کا وسیلہ ہی

نہ خوف گور ہی مجھکو نہ اندیشہ قیامت کا
شفیع المذنبین کی لطف غایت کا وسیلہ ہی

برنگ گل شگفتہ ہوویگا غنچہ مری دلکا
کہ مجھکو اوس نسیم فضل و رحمت کا وسیلہ ہی

سوا نیزہ پہ جب خورشید ہویگا قیامت مین
ہمین ظل لوائی فیض حضرت کا وسیلہ ہی

جو روز حشر تولینگی مری اعمال میزان مین
جناب فخر آدم کی حمایت کا وسیلہ ہی

زبان خلق سو کہی جائیگی جو گرمی خور سی
مجھی ساقی کوثر کی عنایت کا وسیلہ ہی

اندھیری گور مین اور روز رستاخیز مین واقعی
شفیع سر دو عالم کی شفاعت کا وسیلہ ہی

تہی گیسو آپ کی دام تجلی
وہ ابرو جیسی صمصام تجلی

ظلام کفر کو روشن کیا ہی
رخ انور تہا اسلام تجلی

ہوا جو جلوہ افگن نور عارض
ملا عالم کو انعام تجلی

ظہور سرور عالم سی جانو
ہوا شہرت گزین نام تجلی

کہون کیا چشم اور زلفونکا عالم
کہ ہی یہہ صاد وہ لام تجلی

نہ پڑنی سی ہوا سایہ کی ظاہر
کہ تہا اندام اندام تجلی

خیال روی رشک سمہ سی نہ آت
بندہا دل پر سرانجام تجلی

رخ پہ نور و زلف عنبرین فام ہی باہم صبح اور شام تجلے
کہوں کیا آپکی قامت کا عالم ہی سرو باغ اکرام تجلے

کہاں ہی وہ شہلا نرگس کو نسبت
دو آنکھیں تھین دو بادام تجلے

سامھنی زلف کی عنبر کی حقیقت کیا ہے لام او جیم بدور کی حقیقت کیا ہے
سرخ ہی لب جانبخش کی وہ سرخی ہے لعل و مرجان مجمر کی حقیقت کیا ہے
وہ لطافت وہ نظارت ہے کہ سبحان اللہ سامھنی رخ کی گل تر کی حقیقت کیا ہے
راست ایسا قد بالائی رسول حق ہے طوبی و سرو و صنوبر کی حقیقت کیا ہے
آتش ہجر نبی سی ہی وہ پرکالہ بدن کرہ نار کی مجمر کی حقیقت کیا ہے
لب نوشین رسول عربی کی آگی مصر ہی قند شکر کی حقیقت کیا ہے
رونق افزائی ہی حضرت کی شرفیاب ہوا ورنہ اس چرخ مدور کی حقیقت کیا ہے
شمع رخسار محمد ہی کی ہی عکس روشن ماہ و خورشید منور کی حقیقت کیا ہے
وصف مین انکی قلم انکی زبان عاجز ہی کسکو معلوم ہمسر کی حقیقت کیا ہے

شافع حشر کی رضا و کرم کی آگی
گنہ واثقِ کمتر کی حقیقت کیا ہے

جلوہ نور جو تیری رخ پر نور مین ہی
مہر مین ہی نہ قمر مین نہ رخ حور مین ہے

عرق سعید ابرامین جو ہی خوشبو
عطر مین اور نہ گل مین ہے نہ کافور مین ہے

صبح صادق مین نہین جلوہ تری عارض کا
تیری کاکل کا نہ عالم شب دیجور مین ہے

وصف گیسو مین ہے واللیل کی صورت نازل
تیری عارض کی صفت سورۂ والنور مین ہے

جلوہ ناخن پا تیرا مہ نو مین نہین
کف پا مین صفائی نہی بلور مین ہے

تا قیامت نہو آخر جو کرون مین تحریر
درد فرقت جو ترا خاطر مہجور مین ہے

ہاتھہ آجائی اگر خاک مدینہ واقفی
دور ہو درد جو میری دل رنجور مین ہے

فلک اوپر اگر عرش برین ہے
نبی کا روضہ بر روی زمین ہے

مدینی کی زمین کیا دلنشین ہی
یہی تحت فلک خلد برین ہے

فروغ ماہ دہندلا ہو گیا تہا
نبی کی نور آگین کیا جبین ہے

لب جان بخش مفتاح شفاعت
محمد رحمت للعالمین ہے

ہوا کیا غار حرا کیا مطلع نور
منور نقش پای شاہ دین ہے

مسلسل کیا ہین دندان مبارک
نہین اس سلک سی [illegible] ہے

مسخر ہو گئی سب جن و انسان
ترا فرمان سلیمانی نگین ہے

صفائی جو کف پا مین ہی تیری — نہین ایسا صفا مرآت چین ہے

ترا شا ناخن پا کا مہ نو — کف پا مہر روشن کی جبین ہے

نہ کہچ سکتا تہا تصویر مبارک — ق — جہان مین کوئی کر نقاش چین ہے

بہلا نقاش کیا کہینچی وہ تصویر — مصور جسکا رب العالمین ہے

لب شیرین وہ شیرین جانشین تہی — شکر ایسی نہ قند و انگبین ہے

محبت آپکی ہی اصل ایمان — عداوت آپکی خسران دین ہے

ہی حسن پاک مستغنی تشبیہ — سوا اسکی جہان ہی اور حسین ہے

چمک سی دانت کی حضرت کی واقف
ہوا روشن مکان سب اور مکین ہے

کہان ممدوح حق کا وصف لکہنی مین اب یا — قلم یہان بید مجنون سا ہمارا تہرتہراتا ہے

مدد کر قوت جولانی مضمون سی میری — کہ شدید یہ قلم قرطاس پر واقف چلاتا ہے

ذرا اوس مین بو ہی خو ہی جسم احمد سی اجاگر — کہ واقف شوق دل سی عطر کی بہی صحبت پاتا ہے

شمیم گیسوی احمد کی جب تعریف لکہتا ہون — ختن کیا نافہ ہای مشک کی نذر لیکے آتا ہے

تبسم ہای شیرین کی ذرا کچہ جب ذکر کرتا ہون — تو غنچی کی روش گل بہی ہنسنی سی باز آتا ہے

کبہو افسردگی سی انقباض دل جو ہو جاوی — تبسم کا تصور آپکی گل سا ہنساتا ہے

مری کچھ کام دل میں ہوتی ہی جو بستگی پیدا
خیال ناخن اقدس یقین عقدہ کی کہلاتا ہے

قصیدہ وصف روی پاک کا جسدم بستان میں ہو
تو جنت سی مجھی فردوس میں رضوان بلاتا ہے

اگر کچھ دیکھنوں کیطرف خاطر چلیا جاوے
تصور دانت کا شبنم کی صورت سی کہلاتا ہے

تصور عارض پاک شہ خوبان عالم کا
بہار روضۂ رضوان کی یاد دل دلاتا ہے

ذرا کچھ یاد آجاتا عمامہ کا ہی جو عالم
دل اشتاق اوسدم پیچ کیا پیچ کہاتا ہے

دل پر شوق عنقاین کی کرنیکو کمر کا وصف
عدم کی ملک سی باریک تر مضمون لاتا ہے

غم ہجر نبی میں اشک چشم اہل ہی آب وضو
سیاہی نامۂ اعمال کی اپنی دہولاتا ہی

براق مصطفی کی مدح کا مضمون بیاں آتا ہے
تو شبدیز قلم باگیں عوض ہیں اپنی تڑاتا ہے

تحمل اور تواضع کا نبی کی ذکر آتا ہے
تشکل خوشہ سر کو عجز سی وافی جھکاتا ہے

پی تحریر تعریف خضاب ریش حضرت اب
حنای روشنائی واہ کیا وافی بناتا ہے

صفت میں چشم و گردن کی جو بیتا ہوں غزالوں کی
ہرن دشت ختن کا چوکڑی کو بہول جاتا ہے

شہنشاہ دو عالم کی قناعت کا تصور اب
دل پر حرص کو مستغنی عالم بناتا ہے

شعاع مہر رخسار شہ خوبان دو عالم
شبستان جہاں میں شمع مہتاب جلاتا ہے

لب آب حیات ساقی کوثر کا ذکر جوشش
عظام خاک گشتہ کو بھی مرقد میں جلاتا ہے

غلمہای شیرین محمد کا خوشا مد کو مذاق کا م جانکو قندسی بہا بتا تا ہے

رسول اللہ کی ہان استراحت بتا وافی
ہماری انکھہ کو کیا خواب غفلت سی جگاتا ہی

سیدی یا سیدی یا سیدی
وارہان ما را زدست ہر بدی

مستغنثی مستغنثی یا نبی
مبتلا اندر بلا یم خندیدی

چون نہ بخشا ید گنا ہا نم خدا
بر سر رحمت اگر تو امدی

عرش عالی تکیہ گا ہت کردہ اند
در مراتب ز انبیا برتر شدی

عندلیب بوستان وصفتم
می سرایم خوش بصوت سرمدی

مست سگردند مرغان چمن
بشنو ند از من سرود انجدی

در دبستان ثنای مصطفی
وافیا تو حرف خوان ابجدی

کب بیان ہو شرف اشرف آدم تجہسی
وافیا وصف شہنشاہ دوعالم تجہسی

منتشر خاک بہی ہو جاے ہوا سی سرسی
پر جدا ہو وین محمد کی ثنای غم تجہسی

عاشق قامت ہو وین سول جو نہ ہون
صورت آہو ہی شمشاد مجہی رم تجہسی

یاد میں لعل لب پاک کی تا رو ہی نہ جو ن
شاد ہو وین نہ میں ای قند سینم تجہسی

تشنۂ دیدار کا مین ساقی کوثر کا ہون — ہوؤن سیراب اسی چشمۂ زمزم تجھسی

حق نی افلاک پہ بلوایا شب قدر تجھی — کون بنبو ہمین ہی حق پاس بکرم تجھسی

تا محمد نکھون مین نہ نکل قالب سی
عرض ہی واقی مشتاق کی ایدم تجھسی

طاقت کہان بشر کو شرف اسکا پا سکی — ممدوح حق کا وصف زبان پہ بہی لا سکی

نام رسول پاک جو لاؤن زبان پہ — طاقت کہان ہو مجھکو جو ہنسم جلا سکی

شمشیر سی جلال کی دو ٹکڑی ہو وہی ہاتھ — ابرو کی کیا ہلال کو کوئی بتا سکی

کلک اوس حریم پاک مین ہو روح کا گذر — نی حکم اوسکی کون فرشتہ ہی جا سکی

آوی اگر جلال پہ حسنا احمدی — گلشن کو ایک آنکھ مین آتش لگا سکی

چشم رسول پاک کا گر ہو مقابلہ — نرگس زمین سی آنکھ نہ ہرگز اوٹھا سکی

آجای جوش گریہ پہ واقی ہماری آنکھ
سیلاب سی سرشک کی دریا بہا سکی

کیا تاب ہی کسیکو کمال اوسکا پا سکی — کلک زبان بہ بند سی کچھ بہی لکھا سکی

دین نبی کا ہو گیا روشن جہان چراغ — باد دروغ کفر اوسی کیا بجھا سکی

مت چھوڑ آستان رسول کریم کا — دوزخ سی روز حشر وہ تجھکو بچا سکی

اللہ سے سبکی ہیکی مجھے بخشوائے
طاقت نہین کہ بار گنہ دل اوٹھا سکے

منہ مین زبان داب کی چپ بیٹھ رہ وفا
ممدوح حق کا وصف کہان کر ادا سکے

نام جناب باری تعالیٰ کریم ہے
وافی شفیع حشر رسول کریم ہے

بحرین جود جوش کرین ہمین کا کری
خرمن ہی گنہ کا اگرچہ عظیم ہی

شاعر اگر نہ لکھی ثنا ایسی رسول کو
مانند اوسکی کون جہان مین لئیم ہی

امید مغفرت ہی غفور الرحیم سی
صادر جو ہوتا ہم سی گناہ عظیم ہی

اندیشہ تشنگی کا نہین ہمکو روز حشر
کوثر کا بالیقین محمد قسیم ہے

باغ جہانکو دیکھی نہ وہ کوری آنکھ سی
جو کوچہ رسول خدا کا مقیم ہی

کیونکر نہو ازالہ امراض وفا
گرچہ سقیم تو ہی تر احق حکیم ہے

وصف نبی کا شغل مجھی مستدام ہے
قابل درود پڑہنی کی میرا کلام ہے

توصیف شکرین لب خیر الانام ہے
مصری سا اس لیے مرا شیرین کلام ہی

تعریف گیسوی رخ خیر الانام ہے
کفار و دیندار کا جہگڑا تمام ہی

دربان آستان رسول کریم کا
دارا و کیقباد و سکندر غلام ہی

روح جناب سید کونین پر مدام
لاکھوں درود اور کروڑوں سلام ہے

کیا طاقت بشر ہے لکھے وصف مصطفےٰ
مداح جسکا آپ خدای انام ہے

حمد خدا و نعت محمد نہ جس میں ہو
اس وضع کی سخن کو ہمارا اسلام ہے

جز حمد و نعت اپنے دو احمد اگر کہے
ناکام وہ زبان سے سخن وہ حرام ہے

خورشید انور رخ احمد سے دنیا
زائل ہوا مکان جہان سے ظلام ہے

مجھے صحاب احمد سے عز پر بسکہ نسبت ہے
محبت ہے مودت ہے صداقت ہے عقیدت ہے

غنی بہتر ہے مجھہ سا جہان کی کارخانی میں
کہ حب آل احمد کی میسر مجھکو دولت ہے

جو کوئی حضرت صدیق کی تصدیق لاویگا
اوسی پر دو جہان میں دوستو حاصل شفاعت ہے

عمر کا اور عثمان کا جو ہوگا معتقد دل سے
نصیب اوس کے طالع یقین جنت کی دولت ہے

علی مرتضیٰ سے جو کہ دل اپنا لگاویگا
خداوند تعالیٰ کی ہمیشہ اوس پر رحمت ہے

[illegible]

کھلی ہیں نظر میری بہار روضہ رضوان
کہ وا اپنی کی تصور میں یقین حضرتکی صورت ہے

جہان میں شور شادی کس قدر ہے
محمد کی ولادت کی خبر ہے

ہوا عشرت کدہ سارا جہان آج
طرب خانہ ہر اک دیوار و در ہے

ملک نے آپکا جھولا جھولایا
یہہ وقر حضرت خیر البشر ہے

ظہور مہر ذات احمدی سے
منور کس قدر روی سحر ہے

منور کسب نور مصطفی سے
فلک پر نجم اور شمس و قمر ہے

جہانمین ہو گیا اک عالم نور
عجب ذات مبارک کا اثر ہے

بتان مکہ ساری گر گئی چت
نبوت کا یہی کامل اثر ہے

ہوی لشکر سے سب فرش سر
یہی بس زہق حق باطل کی خبر ہے

نبوت پر محمد مصطفی کی
کلام حق گواہ معتبر ہے

رسالت اور شجاعت اور شہادت
عطا خالق نے کی حضرت کی گہر ہے

محمد کی رخ روشن سے واقف
ہوئی ظلمات عالم سے بدر ہے

رویت جو نبی کی مجہے بیدار کی ہوتی
حاجت نہ کبہی پہر گل و گلزار کی ہوتی

مژگان کا تصور مجہے اب کسکی ہوا ہے
ہر پل مری دلمین ہی خلش خار کی ہوتی

اے مومنو مژدہ یہہ مواخ کیطرف سے
ہی تمکو شفاعت شہ ابرار کی ہوتی

تلوار سے چل جاتی ہی گردن یہہ ہماری
ہی مدح جو اوس اسم وی خمکی ہوتی

اے مومنو اب تہنیت و عیش کی جا ہے
شاہنشہی اوس حق کی مختار کی ہوتی

کسری کا محل ہوتا نہ بی کنگرہ و اقے
گر یہاں نہ ولادت شہ ابرار کی ہوتی

ذکر ملاحت رخ حبیبی سنا گیا ہے
لون اپنی زخم دل پہ چھڑکا سا گیا ہے

بدر جبین کا کسکی اندوہ غم جدایا
مانند ماہ نو کی مجھکو گھٹا گیا ہے

کس ترک وش کا یا رب ہے خم خیال ابرو
تلوار ایک دل پر میری لگا گیا ہے

اندوہ و غم مژہ کا کسکی ہی تہہ دل اب
لاغر بدن کو میرے کانٹا بنا گیا ہے

کس فتنہ جہان کی انکھوں کا اب تصور
بیخواب مثل نرگس مجھکو بنا گیا ہے

محراب ابرو و تمکین بینی کا ہی وہ عالم
قوس قزح کی اند رستہ کہا گیا ہے

کس منہ سی اب بیان ہو خال لب شکر خا
مصری کی سی ڈلی ایک منہ میں لا گیا ہے

دربار لب کی کسکی گفتار کا وہ عالم
گوہر کا گوش جانکو معدن بنا گیا ہے

عالم ہنسی کا کسکی واللہ میں نہ جانوں
برق آسمان کی سر پر میری گرا گیا ہے

کس گلبدن کی یا رب عارض کا ہی تصور
گلگشت باغ جنت مجھکو کہا گیا ہے

کس فتنہ جہاں کی خال سیاہ کا غم
اسپند وار دلکو ہی جلا گیا ہے

کس نازنین کی یا رب غبغب کا ہی تصور
اندھے کنوے مین مجھکو یعنی گرا گیا ہے

اب کیا بیان ہو مجھسی گردن کا جو ہی عالم
بلور کی صراحی کوئی بنا گیا ہے

کس مہرِ شہ کی گرد کا عالم بیاض اب — پہر روی صبح صادق مجہکو دکہا گیا ہے

کس مہ جبین کی چوٹی کا دہیان اے خدایا — کوڑی سی پہ کوڑا دل میری لگا گیا ہے

شکل حنا رسکا وہ پنجۂ نگارین — تن اور بدن مین میری آتش لگا گیا ہے

کاکل کا کیا بیان ہو انداز او جہا تم — دام بلا مین گویا ہمکو پہنسا گیا ہے

شفاف اور صفا وہ سینہ کسی کا یارب — اب درس لوح حق کا مجہکو پڑہا گیا ہے

کس نازنین کی عالم وہ نرمی شکم کا — جو قاقم جنان کی یاد اب دلا گیا ہے

کس مہ جبین کی ہی اب ناف کا تصور — گرداب مین بلا کی مجہکو ڈوبا گیا ہے

موی کمر کا کسکی اب ہی بیان عالم — فہم و خرد کو میری عنقا بنا گیا ہے

کسکی مجہی خدایا اب سر دو پا کا عالم — مقراضی لام کی ہی صورت دکہا گیا ہے

عالم یہ جسکی ساق پنڈلی کا خدایا — فانوس دلمین شمع روشن لگا گیا ہے

ناخن کا مجہسی عالم کیونکر بیان ہو یاز — قالب مین ماہ نو کی کیا بدر آ گیا ہے

ناخن کا ہی تراشا فی الواقعی مہ نو — سارق کوئی فلک کا لیکر اڑا گیا ہے

وہ عالم کف پا مجہسی بیان کیا ہو — آئینہ سکندر مہ کو دکہا گیا ہے

اٹہکیلی چال کا اب انداز کسکی ہی ہی — پامال میری دلکو کیا ہی بنا گیا ہے

کس سائر سما کی معراج کا تصور — بام فلک پہ مجہکو یعنی چڑہا گیا ہے

کس شافع امم کا اب مژدهٔ شفاعت
دونو جہانکی وافی دولت دلا گیا ہے

پار کرنیکو پل دوزخ کی رہبر چاہیئے
دن قیامت کی محمد سا پیمبر چاہیئے

طاق ابرو کی تلی ہمنی مقرر چاہیئے
مسجد اقصی ہمین عرش ہلوت منبر چاہیئے

وصف احمد کا ذخیرہ ہی کیا کچھہ ہمنی جمع
زاد راہ آخرت کچھہ تو بھی اخر چاہیئے

کر مدد ای قوت حسّان رب العالمین
بہترین انبیا کا وصف بہتر چاہیئے

قد موزون کا بندھا دلکو تصور رات دن
اس گلستان مین فی النخل صنوبر چاہیئے

اوس گل رخسار کا عالم نظر مین ہے مری
سامہنی انکھون کی گلدستہ مقرر چاہیئے

ابروی زیبای محبوب خدا کا ہی خیال
پاس اپنی قبضہ شمشیر و خنجر چاہیئے

دن قیامت کی بہت شدت سے ہوگی تشنگی
ساقی کوثر مجھی یک جام کوثر چاہیئے

جہل کی ظلمت سے لایا نور ایمان ہمین
مشفق ایسا چاہیئے ایسا ہی رہبر چاہیئے

بالش دیبا کی اب حاجت نہین مطلق مجھی
آستان مصطفی کا مجھکو بستر چاہیئے

مین خیال قامت و عارض کا گاتا ہون خیال
بلبل نغمہ سرا یک شاخ گل پر چاہیئے

الفت اصحاب و آل مصطفی پیدا کرو
قصر باغ جنت الماوی تمہین گر چاہیئے

لامکان کی قصر تک پرواز کرنی وافیا
شاہباز دلکو اب کلمہ کا شہپر چاہیئے

رحمۃ للعالمین رحمت پہ آنا چاہیے
طالب دیدار کو صورت دکھانا چاہیے

حمد عنبر خام محشر مین کہلانا چاہیے
عاصیونکی پیاسی بجھیرین ترانا چاہیے

زیر ظل عاطفت ہمکو بلانا چاہیے
سوزش خورشید محشر سی بچانا چاہیے

آفتاب حسن کی تنہا کی آرث تاب تو
حدت خورشید محشر کو بجھانا چاہیے

بلکہ جب سیہ ہی گناہو نکا بہانا ہی تجھی
التجا کر حق سی ہمکو بخشوانا چاہیے

جھونکنی دوزخمین لیجاوین گناہونکی سبب
مالک دوزخ کی ہاتھونسی چھڑانا چاہیے

عرصہ عرصات مین اشتاع روز جزا
امت عاصی کی بخشانیکو آنا چاہیے

دامن آلودہ جرم و معاصی کو مری
آب رحمت سے حبیب حق دہلانا چاہیے

کلمہ طیب کی آب ورد سی ای مومنو
آتش پر سوز دوزخ کو بجھانا چاہیے

خندہ دندان نماسی ای رسول کبریا
غنچہ دلہای مشتاقان کہلانا چاہیے

آب فیضان رسول حق میسر گر نہو
عرصہ محشر مین ہمکو تلملانا چاہیے

راستی قامت نشو ونما احمد دیکھکر
تجھکو ای شمشاد جنت منہہ چھپانا چاہیے

خار شوق دشت یثرب کا ہو وہ ای خلش
دامن دل ٹکڑی ٹکڑی کی اڑانا چاہیے

ہی شمع حسن آپکا یہہ دل اندنک ہی
گل سادہ رخ تو دلمین بھی بلبل کا کہ

ہی شمع حسن انکا یہہ دل پتنگ ہی — گل سا وہ رخ تو دلمین ہی بلبل کا ننگ ہی

یا سنگ مین نہ آوی جسبان جہان نیا تن — پلہ مین تیری حسن کی صد چند سنگ ہی

جز مصطفی کی نام نہ نکلی زبان سی — اب منکرین سی مجھی بہت مین جنگ ہی

کشتی نہ ڈوبتی دو مری نوح سا نبی — دریا ہی حشر رنج و مصیبت نہنگ ہی

فتراک عنبرین نہ ہی صید وہ بند ہا — مژگان مصطفی کا جو کہا یا خدنگ ہی

ہی عین ذات انکہہ مین بینا کی مظہرات — آتش بعینہ ہی جو ظاہر مین سنگ ہی

ہی نور آسمان و زمین نور کبریا — اور رنگ مظہرات محمد کا رنگ ہی

مختار عاصیونکی شفاعت کی آپ ہو — بخشا انیکو خدا سی ہمین کیا درنگ ہی

اہو ہی الطمر سی تو ممکن نہین فرق — گردن مین ڈورا انکہہ کا جون پایا لنگ ہی

ہی کون معترض مری جانی کا خلد مین — نام نبی کی مجھکو بہت سی امنگ ہی

مطلق نہ دل لگائیو دنیا سی وفا

غدار ہی محیل ہی اور شوخ و شنگ ہی

عرق سی انکی کیا بو سی ورد آتی ہی — نسیم زلف سی بھی غنچی نہی کہلاتی ہی

فراق کی جو مین صدمی سنی مرتی جاتا ہون — نبی کی وصل کی بو مجھکو پہر جلاتی ہی

وعید نار سی جلتا ہی جبکہ دل میرا — نوید جنت کوثر وہین بجہاتی ہی

جو نہین ہی معتقد واقفؔ حبیب حق کا آج
نعمت عقبی سی کل محروم اور ناکام ہے

واہ ہو وی جو کل زلف گرہ گیر کسو کی
ثابت نہ رہی پانو مین زنجیر کسو کی

ہو وانا مسکان جلد مین ہی آج غنیمت
باقی نہ رہی کل جو یہہ تعمیر کسو کی

ای عاصیو کل ابر شفاعت کی ہی بارش
دہو وینگی ہلاک جرم کی تحریر کسو کی

آجائینگی کل بہر شفاعت جو محمد
ہو جائیگی سب عفو تقاصیر کسو کی

جز مصحف رخسار رسول عربی کی
آتی نہین کرنی مجہی تفسیر کسو کی

درگاہ الہی مین دلا غیر محمد
کرنیکی شفاعت نہین تاثیر کسو کی

جز صورت پاک نبوی واقفؔ مشتاق
بہاتی نہین دلکو مری تصویر کسو کی

جب شفاعت کی لئی آپ پیمبر نکلی
نار دوزخ سی گنہگار مقر سی نکلے

بہر رحمت سوی دوزخ جو پیمبر نکلی
سوختہ مرغ اگرچہ ہیون وہان پر نکلے

ابر رحمت مری آقا کا جہان پر برسی
گو کہ وہان خشک ہی اشجار شجر نکلی

پائی جب معجزہ احیائی عظام کی شیوع
مردگان قبر سی باہر مین جی کر نکلے

فیض اعجاز کا ہی آپکی یک شعبہ
پڑہنی والی جو ہین قرآن کی از بر نکلے

کفر و بدعت کی ظلمت سے جو نسبت تھی ورد
سرخ رو مین سے کلمے کی وہ ہو کر نکلے

ایکی امت اشرف سے مقرر واقفی
اولیا اتقیا اور اصفیا اکثر نکلے

ہر سر رحمت و رفعت جو ہمیشہ آوے
قعر دوزخ سے گنہگار نکلکر آوے

قم باذنی کی صدا منہہ سے نکلی تھی
مردہ باہر نہ نکل قبر سے کیونکر آوے

دن مری اجسی کلکی لطفیل حضرت
خوب سے خوب ہے بہتر سے بہتر آوے

جو مدینے کیطرف جاتی زیارت کی لئی
گل خندان سا شگفتہ دل و خوشتر آوے

جو کیا ایکی خدمت مین بصد چشم
شکل بنیادہ لئی انکھہ مقرر آوے

ایستادہ جو لواسی بہو سی ہو دلا
اوسکی سایہ مین ہر یک مہتر و کہتر آوے

طائر خاطر واقفی کا ہی آتا ہی خیال
جب نظر ایکی روضہ کا کبوتر آوی

کریگا آپکا دریاے رحمت جوش طغیانی
جہنم کی جہنم کا آتش سے زندہ دریائی

حبیب کبریا کی معجزہ کی فیض غایت سے
کیا زندہ ہزارون کو محی الدین جیلانی

انا عرب بلا عین انا احمد بلا میم
رسول حق نی فرمایا ہی کیا ہے انکا معانی

کرو اسی مومنو شادی بہت ہی محو غم گانا
کہ روز حشر ہوتی ہی یقین حضرت سلطانی

ملائک کرتی ہین اٹھون پہر حکم الہی سے
نبی کی روضہ پاک و منور کی نگہبانی

ہوئی کیا مایہ اندک سی حاصل سیری کوثر کو
ہوا کوثر سا جاری ایکی انگشت سی پانی

نہین امکان گنجایش ہی حب دو عالم کو
کہ حب مصطفی کی خانہ دل مین ہی مہمانی

رسول اللہ کی کیا حسن کوشش اور عنایت سے
جو پائی رونق و عزت مسلمانون نے

ہزارون انبیا اللہ نی پیدا کئی واقف
ہوا اتبک نہین پیدا محمد کا کوئی ثانی

جب نبی بہر شفاعت سعی سی ادا کر چلے
باغ رضوان کیطرف سارے گنہگار چلے

سر جدا ہوتی تہی غزوات مین کیا اعدا کی
غازیونسی جو اشارے سی تلوار چلے

روش یاد ہوا ہو دے نہین اہل سی
حشر مین ساتھ مری سید سالار چلے

کون دروازہ جنت پہ مراحم ہوتی
لیکی جب ساتھ ہمین احمد مختار چلے

وا کیا کھول دی رضوان در جنت لیکن
امتی ایکی جہدم سوی گلزار چلے

شعلہ دین سی کیا دفتر کفار جلے
سر و آتش جو ہوئی کبر یا بکار جلے

ذرہ بہر بغض رکھا جسنی رسول حق سے
قہر اللہ سی کم بخت وہ فی النار جلے

حاسد وہ پوچھی حسد اکل تمہین کیا دو گی جواب
ایکی حقد کی کیون آگ مین کفار جلے

دشمن سید ابرار ہی دشمن حق کا
نام حق دشمن حق نار مین ناچار جلے

داغ عشق نبوی سینی مین ہی چمکا
کیون نہ خورشید سا پہر لالہ کہسار جلے

قعر دوزخ مین اگر نام محمدؐ لیکو تو
نام حق بال برابر نہ گنہگار جلے

دہ کہہ اسکی محمدؐ کی تعشق کا ہی داغ
دیکہہ لی دلمین مری مالک و نیاز جلے

پیش یعقوب ہی یاسمن و لالہ و گل
مثل اسپند نکیون آگ مین زنہار جلے

چھوڑ دیگا ہمین مالک لطفیل احمدؐ
واقفا آگ مین ہمسی نہ گرفتار جلے

تقریر وصف حسن مین قاصر زبان ہی
دشت شرف مین آپکی گم ہو جہان ہی

درگاہ ذوالجلال مین انکی فخر مرسلان
ہی کیا ہی درجہ آپکا اور عز و شان ہی

جز آستان فیض رسول کریم کی
ہم عاصیونکو پہر نہین امن و امان ہی

مداح کر مجہی تری ممدوح کا خدا
قالب مین جبتلک کہ روان میری جان ہی

رحمت خدا کی اور شفاعت رسول کی
ہم عاصیونکی حشر کی دن سائبان ہی

پیش نظر کہلا مری رہتا ہی باغ خلد
کیا روی مصطفی کا تصور مران ہی

خال رسول داغ دل لالہ بہشت
رخ غیرت گل قمر آسمان ہی

دشت مدینہ رشک ختا و تتار چمن
کوی مدینہ حسرت باغ جنان ہی

شمع جمال سرور عالم سی وفنا

پر نور آسمان کا ہوا شمعدان ہی

ہی تمنا اس دل مشتاق کو دیدار کی
ای خدا تبلادی صورت سید ابرار کی

لوح ہستی پر کہان تصویر ہی اغیار کی
ہر مرقع مین ہی صورت احمد مختار کی

ہی سمائی صورت محبوب رب العالمین
میری آنکھونکو کہان ہی آرزو گلزار کی

آل اطہار محمد کی تصدق سی مجھی
دور رکھہ سوز و مصیبت سی خدایا نار کی

حاسدان مصطفیٰ کا جا ہی دوزخ وطن
باغ جنت ہی یقین جاگیر مین دیندار کی

چشم مست شاہ لولاک کی صدقی سی اب
شافی مطلق خبر لی مجھ سی بیمار کی

جعد عنبر فام حضرت سی نہین الفت جسی
کاسہ سر اوسکا ہوویگا ٹیا ہی نار کی

ہی مری دیوانمین لکھا وصف خط مصطفیٰ
چاہیئی کھچوانی جدول خضر سی پرکار کی

شافع روز قیامت کی زبان پاک سی

منقبت ثابت ہوئی وافی صحابہ چار کی

ثنا و صلوات سی اب مدح پیمبر کیجی
نقد جان آپ پہ قربان بصد زر کیجی

نور سی کلمہ طیب کی منور کرکی
دل کو اوس روضۂ پر نور کا اختر کیجی

وصف سی کاکل مشکین رسول حق کی
اپنی دیوان کو عنبر سا معنبر کیجی

خال پر نور محمد تصدق کی لیے
مردم چشم کو آب چشم سیں باتر کیجے

قد بالای محمد کا بیان کر کی صفت
فتنۂ حشر کو بیدار سراسر کیجے

نقطۂ خال شکرین کی صفت کر تحریر
ساری دیوانگی نقطار و کشش اختر کیجے

داغ عشق مہ گردون نبوت سیتی دلا
صورت نجم سویدا کو منور کیجے

اگلی ذکر محامد کا جہان ہی مذکور
آپ تشریف یہان لاتی ہین ورد زبان کیجے

تحفۂ تحیات و درود او سلام صلوات
وافیات شاد دل پاک پیمبر کیجے

دل تصدق شہ لولاک پہ قربان کیجے
ایک کیا لاکھہ دل و جان کو قربان کیجے

جانکو مرغ چمن مدح سرای نبوی
دلکو فرش رہ مولای غریبان کیجے

یاسمین و گل و سنبل کو نہ کسطح اندام
عرق سید ابرار پہ قربان کیجے

عارض شاہد خلاق دو عالم پہ نثار
گل و گلزار جنان کو مع رضوان کیجے

عاشق گیسوی سلطان عرب ہوں اللہ
عرصۂ حشر مین ہرگز نہ پریشان کیجے

ای خداوند نیوشندۂ عرض عالم
دو جہانمین مجھی حضرت کا ثنا خوان کیجے

در دکلمی سی وظیفی سی و دونکی دلا
اخری راہ کا پیدا کوئی سامان کیجے

جب سفر ہووی خداوند مرا اپنا سیتی
تب مری ساتھہ قصائد کا یہ دیوان کیجے

نزع کی شدت و سختی کو خدایا مجھ پر
آل احمدؐ کی تصدق سے آسان کیجیے

روز انصاف خداوند طفیل احمدؐ
وزن اعمال کو میری نہ بمیزان کیجیے

نام سے ہے تری جان نام محمدؐ کا قریب
اپنی رحمت سے قرین مجھکو بہت آن کیجیے

شب میلاد رسول عربی کی صدقے
اے دوا ساز غریبان مرا درمان کیجیے

دولت و حشمت دارین کو وافی ہر دم
قدم پاک پہ سو جان سے قربان کیجیے

شمع حسن مصطفیٰؐ کا دل مرا پروانہ ہے
جان اوس گلزار رخ کی بلبل دیوانہ ہے

یاد دندان مبارک مین سول آنکھہ سے
جو گرا آنسو کا قطرہ آنکھہ سے دردانہ ہے

شاہد لولاک کی گیسوی عنبر فام کا
ہاں دل صد چاک اپنا صد لیے یک شانہ ہے

جو نہین آباد عشق احمد مختار سے
وہ دل ناچیز و ناکام فقط ویرانہ ہے

خال انگشت نبی کا ہو طبیبون مین مریض
وہ دوا دو مجھکو جس مین قند و بہیدانہ ہے

جسکی سر سودا نہین زلف رسول اللہ کا
کاسہ اوس بے مغز سر کا صرف گندم خانہ ہے

یاد آوے جب وہ طاق ابروی پاک نبیؐ
واقعا مسجد مین جا کرنا ادا دوگانہ ہے

در پہ بیٹھا جو مدینے کی ہے آستان ماری
کیون نہ وہ پاؤن سر روضہ گلشن ماری

مے لعل لب احمد سے جو ہے مست مدام
سنگ خارا یہ یقین ہے کہ نگینون من مارے

عاشق کاکل شکین سول حق کا
دوزخ و گور مین غلب کبھی یا من مارے

لاف دعوی کرے رخسار سے کا کر شمع
باد سحر سے غضب و طیش سے دامن مارے

تپ ہجر شہ ابرار کی اف ہے گرمی
نام خون تن مین نہین لاکھ جو سوزن مارے

روضہ پاک کی جالی کی تصور مین مدام
چشمک اب دل سے نگہون چشم کا روزن مارے

عشق مین شاہد لولاک کی دایم واقف
کیا پڑے پھرتی ہین ہم قیس سے بن مارے

علی کا نام سچ شیر خدا ہے
وہی دروازہ خیبر کشا ہے

نہ خواہان ہو وہ اقبال جہانکا
در حیدر کا جو کوئی گدا ہے

زیادہ دانش و فکر بشر سے
ثنا ہی ابن عم مصطفا ہی

عجب ہے مرتبہ مولا علی کا
کہ مولد جنکا بیت اللہ ہوا ہے

اگر کحل الجواہر کوئی پوچھے
کہون مین مرتضی کی خاک پا ہے

علی دروازہ علم لدنی
علی شاہنشہ کل اولیا ہے

محبت کیون نہو مجکو علی سے
علی ابن عم خیر الورا ہے

ق

علی کی شان والا مین محمد
رسول کبریا نے یون کہا ہے

که سوا حسن کسیکا مین یقین هون
علی کا مرتبه عالی نهو کیون

علی مولا او سبکا رهنما هی
فضیلت مین علی کی آل نبی هی

یهه وافی جان و دل سی صبح اور شام
جناب مرتضی اوپر فدا هی

لطف کر مجهپر خدایا مصطفی کیواسطی
بخش دی میری گنه خیر الوری کیواسطی

صحت و آرام کامل دی مجهی امراض سی
ای حکیم دو جهان اپنی شفا کیواسطی

نامه اعمال سی میری سیاهی محو کر
رو سپیدی کر رسول رهنما کیواسطی

چهوٹ جاوین جسکی یاران مجهکو تنگ مین
دی کشایش دو جهان الهی مجتبی کیواسطی

گور تنگ تار کو کر دیجیو روشن اور فراخ
هادی راه هدی بدر الدجا کیواسطی

جب نکیرین آوینگی پرسش کو میری قبر مین
کلمه کر تلقین شفیع دوسرا کیواسطی

پار کر دی مجهکو راه پل سی مانند نسیم
مصطفی کیواسطی آل عبا کیواسطی

زمره صدیق مین کر بعث میرا یا کریم
فاطمه حسن حسین کربلا کیواسطی

مشکلات سخت جو در پیش آوین روز حشر
سهل و آسان سبهی مشکل کشا کیواسطی

نامه اعمال سیه هی هاتهه مین دی یا خدا
آل و اولاد رسول کبریا کیواسطی

دو جهان مین سرخرو رکهیو مجهکو اپنی فضل سی
چار یار پادشاه انبیا کیواسطی

نور ایمان سی مری کر دلکو روشن اے خدا | بدر چرخ افتخار اصفیا کیواسطے

غیر کا محتاج مت کر خالق و رازق مجھے | انبیا و اولیا و اتقیا کیواسطے

تشنگی سی روز محشر کی مجھی محفوظ رکھ | قاسم کوثر جناب مصطفیٰ کیواسطے

کر مشرف مجھکو دیدار محمد سی خدا | اپنی افضال و کرم لطف و عطا کیواسطے

جو کرون مین التجا تجھسی وہ ہو مستجب | در اجابت کا کشادہ ہی دعا کیواسطے

در سی اپنی تو نکر محروم و مایوس اب مجھے | تنگ تر روزی نکر اس بینوا کیواسطے

دامن امید بھر میرا کل مقصود سے | اوس گل گلزار قرب کبریا کیواسطے

واقفا مصروف رہ اشغال حمد و نعت مین
دی خدا نی سی زبان حمد و ثنا کیواسطے

تمت بالخیر

خواب مصنف مدظلہ العالی کہ بر قبولیت اینکلام دلیلست روشن

جب یہہ دیوان نعت احمد کا | نسخہ مدحت محمد کا

فضل خلاق سی تمام ہوا | پایۂ اختتام کو پہنچا

سنکی ہر اک نی واہ واہ کیا | جسنی دیکھا وہ ہوگیا شیدا

دل واقف نی عجز و زاری سی | یون کیا التماس باری سی

ہی یہ تو دیوان مین وصف احمد پاک | جسکی خاطر بنی ہین نہ افلاک
گرچہ اوراق کی سوا ہین ہیش | برگ سبز ہست تحفہ درویش
ہو وہی مقبول بارگاہ رسول | دولت دوجہان ہو مجھکو حصول
التجا یہہ مری قبول ہوی | آرزوی دلی حصول ہوی
ایک شب رشک صبح دنیا تھی | نافہ مشک سی بہی فائق تھی
حل ہوی عقدہ ہای مشکل کل | کیا مری بخت کی کہلی ہین گل
دیکھتا ہون بعالم رویا | ایک ہی پر ضیا بہت صحرا
اور تالاب ہی بآب و تاب | سبزہ آیا نظر وہان پر آب
بند پر اوسکی جہاڑ ہین سیراب | شاخ در شاخ اور ہین شاداب
ہین اشجار رستہ ہی صاف | صورت آئنہ ہی بس شفاف
لای تشریف وہان رسول کریم | ہوگیا دشت رشک باغ نعیم
راہ بند غدیر سی شادان | گام فرسا ہوی شہ شاہان
پیچہی پیچہی رسول اکرم کے | یہہ بہی عاصی روان ہوا باہم
بند تالاب جسکہ قطع ہوا | ناقہ خوش جمال آ پہنچا
شافع روز حشر ہو کی سوار | عازم آبادی کی ہوی یکبار

مژدہ مقدم نبی سنی ہان — دریہ تھا ایستادہ ہر انسان
آرزو تھی ہر اک کی دل مین یہی — لاوین تشریف میری گھر مین نبی
پر نکرتی تھی خوف سی ظاہر — مطلب دل کو پیش پیغمبر
یک جوان نی یہہ التماس کیا — ای شہنشاہ کشور اسری
خانہ تار ہو مرا روشن — لطف فرمای آفتاب زمن
تب نبی بولی ای نکو فرجام — ہی یہہ ناقہ کی اختیار مین کام
بیٹھہ جاوی جہان کہین ناقہ — بار رکہو تو ہمین وہان اقامت کا
الغرض ناقۂ رسول خدا — چند گام آگی اور وہان سی بڑہا
روبروی مکان اہل صفا — بار محمل رکہا اقامت کا
اوتری ناقہ سی قاسم کوثر — ماہ پیدا ہوا زمین اوپر
لائی صحن مکان مین تشریف — جمع سب ہوگئی وضیع و شریف
باادب نذر یہہ کیا دیوان — شاہ لیکر ہوئی بہت شادان
روبرو شاہ کی دوزانو ہو — دیکھتا ہی رہا مین حضرت کو
اوسکی پڑہنی مین لحن ہی مصروف — گل کا بلبل ہی جسطرح مشغوف
کی نبی نی نہ کچھہ کسی سی بات — ایسی مشغول تھی کتاب کی سات

تھی بہت دیر تک خدا کی سول | پڑہینی ہین اس کتاب کی مشغول

ہر ورق رشک آفتاب ہوا | پر تو حسن ماہتاب ہوا

دفعتہً خواب [illegible] | [illegible] بخت بہی بیدار

خواب السایا خدا نصیب کری | اپنی محبوب کی قریب کری

خاطر شادنی بشارت دی | عیش جاوید کی اشارت کی

حق کی محبوب نی کیا منظور | تیری دیوان کو وافی رنجور

یا الہی طفیل آل رسول
تیری درگہ ہین بہی یہ ہو مقبول

قطعہ تاریخ ختم دیوان از مصنف

بفضل قاضی حاجات خالق کونین | چو بوستان ارم این گل مراد شگفت

بگوش من سن اتمام با سر دولت | گلی ز گلشن نعت رسول ہاتف گفت

١٢٨٧

ایضا

چونکہ این دیوان بپایان در رسید | از سطورش شد روان انہار جو

بودم اندر فکر تاریخش خرد | سال ختمش گفت تاریخ نکو

تمت

١٢٨٧

تاریخهای طبع دیوان فیض بنیان

قطعه تاریخ طبع از محمد حسین خان مهتمم اخبار دبدبه سکندری متخلص به عاصی

زهی دیوانِ واقی طبع گردید | که از مضمون او اظهار نعت است

چو کردم فکر سالش گفت هاتف |

قطعات تاریخ طبع دیوان از شاعر شیرین بیان محمد قاسم علیخان متخلص قاسم

طبع شد دیوان واقی چون بحسن اهتمام | هر غزل گلدسته نو رنگ هست و خوشنما

غنچه سان قاسم بفکرِ سال او گشته خموش | تا بدست آرد ثمر از نخل زار مدعا

شد بلبل هاتفِ غیبی چنان شد نغمه ساز | جمله اشعار اند این گلهای باغ مصطفی

ایضاً چه زیبا ماده تاریخ ۱۲۸۹

چو شد دیوان واقی طبع کردم فکر کای همدم | رقم سازم سن مضمون نگارِ نعت تاریخش

بگفته ملهم غیبی که قاسم بی تکلف گو | زهی گلدسته زیبا بهار نعت تاریخش

قطعه تاریخ طبع از محمد فاروق خان برادر مهتمم اخبار متخلص به خادم

بمطبوعیِ مطبعِ رام پور | جو دیوانِ واقی نے پایا فروغ

تو خادم سے تاریخ کا مادہ | یہ ہاتف نے خود آ کہا با فروغ

قطعات تاریخ طبع از سید احمد خان متخلص به واصف شاگرد محمد قاسم علیخان قاسم

ز خوش رنگیِ طبع دیوانِ نعت | بعالم چو شد صیت اظهار حسن

سروشی چنان مصرعه سال گفت | گل نو شگفته بگلزار حسن

ایضاً قطعه تاریخ اردو

جو اشعارِ منشی غلام محمد | کہ ہیں مثلِ اشعارِ کافی خجستہ

ہوئی طبع با خطِ صافی خجستہ | دم فکر تاریخ ہاتف پکارا

محمد حسن خاں کے مطبع میں آ | بحکمِ خداوند شافی خجستہ

مصنف کے از راہ ہمت یہ کہہ | کہ چھپوایا دیوانِ واقی خجستہ